# جامعہ اہل حدیث کے اغراض ومقاصد

1 ۔ کتاب وسنت کی تعلیم اور اسکی اشاعت کو عام کرنا ۔

2 ۔ ایسے علماء تیار کرنا جو عقیدہ سلف کی راہ اپناتے ہوئے مذاہب ہدامتہ اور موجودہ دور کے باطل نظریات کا رد کرسکیں ۔

3 ۔ نوجوان نسل کو دینی ودنیاوی تعلیم سے آراستہ کرنا اور ان کی ذہنی اور فکری تربیت کرنا ۔

4 ۔ ایسے طلباء تیار کرنا جو قدیم اور جدید نظام تعلیم سے آگاہ ہوں ۔

5 ۔ ایسے مبلغین اور مدرسین تیار کرنا جو عوام الناس کو خالصتاً کتاب وسنت کی دعوت دیں ۔ تاکہ ملک کے اندر اسلامی نظام کے نفاذ کے لیے راہ ہموار ہو ۔ اور معاشرہ میں اسلام کی صحیح تصویر پیش کرتے ہوئے فرقہ واریت اور انتہاء پسندی کا خاتمہ کیا جا سکے ۔

6۔ ملک کے اندر عربی زبان کی سرکاری اور غیرسرکاری سطح پر ترویج کرنا۔

7۔ طلباء کو دینی علوم کے ساتھ ساتھ جدید عصری علوم کی تعلیم دینا تاکہ وہ موجودہ دور کے تقاضوں کے مطابق دعوت وتبلیغ کا کام صحیح طور پر انجام دے سکیں۔

8۔ معاشرے کے اندر عقیدۂ توحید، اور اتباع سنتؐ کی دعوت پھیلانا نیز جاہلانہ رسم ورواج اور بدعات وخرافات کی بیخ کنی کرنا۔

9۔ طلباء کی طرح طالبات کی دینی اور اسلامی تعلیم وتربیت کے لیے ایک علیحدہ دینی درس گاہ کا قیام۔

10۔ طالبات کے اندر دینی شعور پیدا کرنا تاکہ وہ گھریلو اور معاشرتی زندگی میں ایک فعال مسلمان کارکن کی حیثیت سے نئی نسل کی تربیت میں اہم کردار ادا کرسکیں۔

11 رفاع عامہ کے لیے جدید ڈسپنسری کا قیام۔